# WIDA Alternate ACCESS کیا ہے؟

WIDA Alternate ACCESS ایک ٹیسٹ ہے جو کنڈرگارٹن (K) سے 12ویں جماعت تک اُن طلبہ کو دیا جاتا ہے جنہیں انگریزی سیکھنے والا اور نمایاں علمی (ذہنی) معذوری کا حامل قرار دیا گیا ہو۔

WIDA Alternate ACCESS آپ کے بچے کی انگریزی زبان کی مہارت کو سننے ، پڑھنے ، بولنے اور لکھنے میں جانچتا ہے۔

## انگریزی زبان کی مہارت

انگریزی زبان کی مہارت کی سطح یہ دکھاتی ہے کہ طالبِ علم نے انگریزی میں پڑھائے جانے والے مضامین کو سمجھنے اور اُن میں حصہ لینے کے لیے زبان کس حد تک سیکھ لی ہے۔ جب طلبہ اعلیٰ سطح تک پہنچ جاتے ہیں تو انہیں انگریزی میں تدریس کے لیے زبان کی اضافی مدد کی ضرورت نہیں رہتی۔

## میرا بچہ WIDA Alternate ACCESS کیوں دیتا/دیتی ہے؟

آپ کے بچے کی شناخت انگریزی سیکھنے والے کے طور پر کی گئی ہے۔ انگریزی سیکھنے والے طلبہ ہر سال انگریزی زبان کی مہارت کا ایک ٹیسٹ دیتے ہیں۔ بہت سے طلبہ WIDA ACCESS ٹیسٹ دیتے ہیں۔ آپ کے بچے کے WIDA Alternate ACCESS دینے کی ممکنہ وجوہات یہ ہیں:

- اُن کی نمایاں علمی (ذہنی) معذوری کی شناخت کی گئی ہے۔
- اُن کے اساتذہ سمجھتے ہیں کہ WIDA Alternate ACCESS جو اضافی مدد اور سوالات کے جوابات دینے کے مزید مواقع فراہم کرتا ہے، اُنہیں اپنی بڑھتی ہوئی انگریزی زبان کی صلاحیتیں بہتر طور پر ظاہر کرنے کا موقع دیتا ہے۔

wida.wisc.edu

WIDA is housed within the School of Education at the University of Wisconsin–Madison.

© 2025 Board of Regents of the University of Wisconsin System, on behalf of WIDA

## WIDA Alternate ACCESS کے اسکور کیسے استعمال ہوتے ہیں؟

ٹیسٹنگ سے اساتذہ کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ کیا طلبہ کے پاس وہ زبان کی مہارتیں ہیں جن کی انہیں کلاس روم میں بھرپور شرکت کے لیے ضرورت ہے۔ انگریزی سیکھنے والے معذور طلبہ پیچیدہ زبان اور مواصلاتی نظام بھی سیکھ سکتے ہیں۔

آپ کے بچے کے اساتذہ WIDA Alternate ACCESS کے اسکور استعمال کرتے ہیں تاکہ وہ فیصلہ کر سکیں کہ آپ کے بچے کو بہترین طریقے سے کیسے پڑھایا جائے۔

یہ اسکور اساتذہ کو آپ کے بچے کی تعلیمی انگریزی سیکھنے میں پیش رفت پر نظر رکھنے میں مدد دیتے ہیں اور اسکولوں کو یہ طے کرنے میں رہنمائی دیتے ہیں کہ کون سی زبان کی معاونت فراہم کی جائے۔ آپ بھی ٹیسٹ کی معلومات استعمال کر کے اسکول میں اپنے بچے کے حق میں مؤثر آواز اٹھا سکتے ہیں۔

### WIDA Alternate ACCESS کی تیاری

- آپ کے بحے کو WIDA Alternate ACCESS کے لیے پڑھائی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ ٹیسٹ طلبہ کے لیے ایک موقع ہے کہ وہ انگریزی کو سمجھنے اور اس میں بات حیت کرنے کے اپنے تمام طریقے دکھا سکیں۔
- WIDA Alternate ACCESS کے نمونے کے سوالات WIDA ویب سائٹ کے Alternate ACCESS Sample Items صفحے پر دستیاب ہیں: **wida.wisc.edu/assess/alt-access/preparing/sample-items**.
- ٹیسٹ والے دن کے لیے یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا بحہ احھی طرح سوئے اور ناشتہ کرے۔
- اپنے بحے کے اساتذہ سے بات کریں کہ آپ کو اسکور کب ملیں گے، اسکول ان اسکورز کو کیسے استعمال کرتا ہے، اور آپ کا گھرانہ بحے کی زبان سیکھنے میں گھر پر کیسے مدد کر سکتا ہے۔

### وہ سوالات حو آپ اپنے بحے کے اساتذہ سے پوحھ سکتے ہیں

- میرے بحے کے انگریزی زبان کے ترقیاتی اہداف کیسے لکھے اور ٹریک کیے حائیں گے؟
- میرا بحہ WIDA Alternate ACCESS کب دے گا؟
- محھے اپنے بحے کے WIDA Alternate ACCESS کے اسکور کب ملیں گے؟
- یہ اسکور میرے بحے کو تعلیمی انگریزی سیکھنے میں پیش رفت کے لیے کیسے مدد دیتے ہیں؟
- آپ کیسے طے کرتے ہیں کہ میرے بحے کو زبان کی معاونت کب نہیں حاہیے ہوگی؟

UNIVERSITY OF WISCONSIN–MADISON

wida.wisc.edu

WIDA is housed within the School of Education at the University of Wisconsin–Madison.

© 2025 Board of Regents of the University of Wisconsin System, on behalf of WIDA